Sanghar Sugar Mills Limited

# جائزہ از چیئر مین

سانگھڑ شوگر ملز کی کارکردگی میرے لئے انتہائی مسرت کا باعث ہے اور میں دلی خوشی محسوس کرتے ہوئے 30 ستمبر 2018 کو ختم ہونے والے مالی سال سے متعلق مالیاتی دستاویزات و دیگر معلومات آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تا کہ ان کی بنیاد پر بورڈ کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے اور اس بات کا اندازہ لگایا جا سکے کہ کمپنی کے اہداف کے حصول، کاروباری اہداف وحکمت عملی کے حصول اور اس حکمت عملی کی بنیاد پر منصوبہ بندی بشمول وژن اور مشن برائے کمپنی کے سلسلے میں بورڈ کا کردار کتنا موثر رہا۔

کمپنی پیداواری صلاحیت میں توسیع کا کام مکمل کیا جا چکا ہے اور تکمیل کے بعد مارچ 2018 کے دوران پلانٹ اور مشینری کی آزمائش بھی کامیابی کے ساتھ کی جا چکی ہے۔ آپکی انتظامیہ کی جانب سے عین منصوبے کے مطابق کام کی تکمیل کرنے کے بعد 2017-2018 کے سیزن میں ہی کامیابی کے ساتھ آزمائشی پیداواری عمل کی جانچ بھی کی جا چکی ہے۔

لسٹڈ کمپنیوں کی مطلوبہ شرائط کے مطابق (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) اور کمپنی کے بورڈ کی جانچ کا کام بھی کیا جا چکا ہے۔ اس جانچ کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ جانچ کے معیارات کو مدنظر رکھتے کمپنی کے طے شدہ مقاصد کے تناظر میں بورڈ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے کہ بورڈ کی کارکردگی کتنی موثر رہی۔

بورڈ کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کی شرائط کے مطابق اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کی گئی جن میں اہمیت کی حامل پالیسیوں کی منظوری، موثر اندرونی کنٹرول کے نظام کا قیام، بجٹ اور مالیاتی نتائج کی منظوری اور اہمیت کی حامل سرمایہ کاری کی منظوری جیسے امور شامل ہیں۔ زیر نظر مالی سال کے دوران بورڈ کی جانب سے پانچ اجلاس منعقد کئے گئے۔ بورڈ تمام قانونی شرائط وضوابط پر پورا اترتا ہے مروجہ قوانین اور بہترین روایات کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کرتا ہے۔

بورڈ کا چیئر مین ہونے کے ناطے میری جانب سے بورڈ کے اجلاسوں کے ایجنڈے کا تعین کیا گیا اور اس بات کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی کہ مزکورہ اجلاسوں میں ایجنڈے کو زیر غور لانے کیلئے خاطر خواہ وقت فراہم کیا جائے۔ تمام تحریری نوٹس، بشمول ایجنڈا، اور اجلاسوں سے متعلق ضروری دستاویزات کو اجلاسوں سے قبل مناسب وقت کے اندر اندر متعلقین تک پہنچایا گیا۔ مزید برآں، میری جانب سے ہر ممکن کوشش رہی کہ بورڈ انتہائی موثر انداز سے اپنے فرائض منصبی سرانجام دے اور مستقبل میں بھی بہتر اور زیادہ موثر انداز سے انتظامی امور کو سرانجام دینے کیلئے کوششیں جاری رہیں گی۔

اس موقع پر میں اس بات کو ریکارڈ کا حصہ بنانا چاہتا ہوں کہ تمام منتظمین، افسران، عملے کے اراکین اور دیگر ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو انتہائی مستعدی کے ساتھ چلانے کیلئے انتھک محنت اور اخلاص کا مظاہر کیا گیا جس کیلئے میں ان سب کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور امید کرتا ہوں کہ مستقبل میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سائے میں کمپنی کی پیداواری صلاحیتوں کو جلا بخشنے کیلئے اسی جوش وجذبے کا مظاہرہ کیا جاتا رہے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، ترسیل کاروں اور حصص داران کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں کہ کمپنی کی بہتری اور خوشحالی کیلئے ان کا اعتماد اور انکی حمایت ہمارے شامل حال رہے۔

کراچی: 29 دسمبر 2018

غلام دستگیر راجڑ

چیئر مین